NAVY NEWS

ABC Certified

June 2016

105th Midshipmen & 14th SSC Officers Passing out Parade

ماہنامہ

نیوی نیوز

ABC سے تصدیق شدہ (Regn # 16(1321) /15-ABC)

جلد: ۲۹ شمارہ: ۵ جون ۲۰۱۶

ایڈیٹر ان چیف

کموڈور احمد ندیم بخاری ستارہ امتیاز (ملٹری)

ایڈیٹرز

کمانڈر ڈاکٹر حسین خان تمغہ امتیاز (ملٹری)

لیفٹیننٹ کمانڈر نازیہ اقبال پی این

سب ایڈیٹر

فیاض احمد عباسی

گرافک ڈیزائنرز

فیاض احمد عباسی

ماجد نواز

سرکولیشن ایاز احمد

کمپوزنگ ماجد نواز

فوٹوگرافرز

عبدالمجید، داور خان، سرور جعفری

تنویر احمد، مبارک شہزاد

شعبہ تعلقات عامہ۔ پاک بحریہ

فون 051-20062782

فیکس 051-20062364

dprnavynews@gmail.com

قیمت فی شمارہ -/115 روپے

فہرست

سیکیورٹی مشق تحفظ ساحل کا انعقاد ۲

تقسیم اسناد۔ آرڈیننس انجینئرنگ سسٹم مینجمنٹ اینڈ ایپلی کیشن کورس اور الدین مسجد کا افتتاح ۳

سیکیورٹی مشق تحفظ ساحل کا انعقاد ۴

عید الفطر... تاریخی پس منظر، حکمت اور فلسفہ ۵

کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس میں پولارائزنگ ٹگ اور بارج کی تیاری کا معاہدہ ا
کنڈ ملیر میں پاکستان نیوی کا مفت طبی کیمپ / پاکستان نیوی کے آفیسر اور سیلر کا اعزاز ۶

اہم سرگرمیاں۔ اسپیشل چلڈرن اسکول کارساز سالانہ اسپورٹس ڈے۔ بحریہ فاؤنڈیشن کالج ۸

تیسویں نیشنل شوٹنگ چیمپئن شپ 2016 / پی این ٹینس چیمپئن شپ 2016 ۱۰

داستان شجاعت — لیفٹیننٹ محمد یاسر ۱۲

امام بی بی۔ مادر علامہ اقبال — حمیرا شہباز ۱۴

ہارٹ اٹیک روکنے والی 10 غذائیں ۱۶

تصوف اور ادب — ڈاکٹر صغرا صدف ۱۸

چیف آف دی نیول اسٹاف کی اہم ملاقاتیں ۲۰

نیوی نیوز

کی سالانہ خریداری پر

22 فیصد رعایت حاصل کرتے ہوئے

300 روپے بچائیے

تقسیمِ اسناد۔ آرڈیننس انجینئرنگ سسٹم مینجمنٹ اینڈ ایپلی کیشن کورس



پی این اے ڈی ماڑی پور کراچی میں واقع پاکستان نیوی کا آرڈیننس ٹریننگ سکول نہ صرف ویپن اینڈ انجینئرنگ گروپ کے آفیسرز اور سی پی اوز/ سیلرز کو تربیت فراہم کرتا ہے بلکہ پاکستان فلیٹ کے عملے اور دوست ممالک کے آفیسرز و سیلرز کو بھی تربیت کی سہولیات بہم پہنچاتا ہے۔ آرڈیننس ٹریننگ سکول نے ۲۶ ہفتوں پر مشتمل آرڈیننس انجینئرنگ سسٹم مینجمنٹ اینڈ ایپلی کیشن کورس کا انعقاد کیا جس کی تقسیمِ اسناد کی تقریب حال ہی میں منعقد ہوئی۔ تقریب تقسیمِ اسناد کے مہمان خصوصی ایم ڈی ڈبلیو اے کموڈور خالد ایم امین تھے۔ تقریب میں یونیورسٹی آف کراچی کی فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے ڈین، پروفیسر ڈاکٹر سید عارف کمال کو مہمان مقرر کے طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ تقریب کے دوران سکول کے آفیسر انچارج نے کورس کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ مہمان مقرر نے " Guidance,Navigation and Control Concept in Armament Design" کے موضوع پر معلومات سے بھر پور لیکچر دیا۔

تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی نے کامیاب طلباء وطالبات میں اسناد تقسیم کیں اور کورس میں کامیابی پر انہیں مبارکباد دی۔

نیول اینکرتج میں مسجد کا افتتاح

اللہ کی رضا اور خوشنودی کے لئے کیے جانے والے کام کی تکمیل کی راہیں قدرت خود ہی ہموار کر دیتی ہے۔ ایسے ہی ایک نیک کام کی مثال نیول اینکرتج کے بلاک ''جی'' میں تعمیر کی جانے والی ''والدین مسجد'' ہے۔

اس مسجد کی تعمیر کی سعادت ایک نیول آفیسر اور ان کے بہن بھائیوں کو حاصل ہوئی ہے جنہوں نے اپنے والدین کے ایصالِ ثواب کے لئے یہ کارِ خیر انجام دیا۔

اس مسجد کا افتتاح یکم رمضان المبارک ۱۴۳۷ھ بمطابق ۷ جون ۲۰۱۶ کو ہوا۔ دعائے خیر میں وائس چیف آف نیول اسٹاف وائس ایڈمرل خان ہشام بن صدیق اور حاضر سروس و ریٹائرڈ نیول آفیسرز نے شرکت کی۔

مسجد میں سات سو پچاس افراد کے نماز پڑھنے کی گنجائش موجود ہے۔ خواتین نمازیوں کے لئے مخصوص جگہ بھی مسجد کا حصہ ہے۔


جون ۲۰۱۶
ABC سے تصدیق شدہ
سرسبز وشاداب پاکستان
www.paknavy.gov.pk